www.novelsclubb.com
دلِ ناصبور
(شاعری)
NC arts
از قلم مریم بتول جھکڑ
IG/FB: Novelsclubb
www.novelsclubb.com

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول،افسانہ،شاعری،ناولٹ،کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک،انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

دلِ ناصبور

از قلم

مریم بتول جکھڑ

www.novelsclubb.com

"دلِ ناصبور"

بقلم: مریم بتول جکھڑ

(شاعری جذبات کو محفوظ کرنے کا بہترین ذریعہ ہے، بہر کیف یہ شاعری نہیں محض دل کے سکون کی خاطر صفحۂ قرطاس پر اتارے گئے کچھ الفاظ ہیں)

"تم کیا جانو"

اذیت کی انتہا کسے کہتے ہیں تم کیا جانو!

بے بسی کے عالم میں گڑگڑانا کسے کہتے ہیں، تم کیا جانو!

اہلِ غم کی سسکیوں کا قہر، تم کیا جانو!

بہاروں میں خزاں کسے کہتے ہیں تم کیا جانو!

www.novelsclubb.com

کیا ہوتا ہے خواہشوں کا ادھورا رہ جانا

امیدوں کا ٹوٹنا کسے کہتے ہیں تم کیا جانو!

درد کی شدت کا احساس، تم کیا جانو!

کیسے کٹتی ہے غم کی رات، تم کیا جانو!

www.novelsclubb.com

جس کا دل ہوا ہے چور وہی سمجھے اِسے

دلوں کا ٹوٹنا کسے کہتے ہیں، تم کیا جانو!

21نومبر 2019

✿••✿••✿••✿

تیری آنکھوں کا وہ قہر مجھے آج بھی یاد ہے

تیرے لبوں کی وہ مسکراہٹ مجھے آج بھی یاد ہے

تیرے رویوں کی وہ دہشت مجھے آج بھی یاد ہے

تیرے لہجوں کی وہ رونق مجھے آج بھی یاد ہے

www.novelsclubb.com

تیری ڈانٹنے کی وہ عادت مجھے آج بھی یاد ہے

تیرا وہ ڈانٹ کر پچھتانا مجھے آج بھی یاد ہے

تیری وہ بے انتہا محبت مجھے آج بھی یاد ہے

تیری محبت کی وہ شدت مجھے آج بھی یاد ہے

تیرے پاس ہونے کا لمس مجھے آج بھی یاد ہے

تیرے چھوڑ جانے کی اذیت مجھے آج بھی یاد ہے!

(23نومبر 2019)

✿••✿••✿••✿

پھر وہی غمزدہ دن،

www.novelsclubb.com

وہی سرد راتیں

ہجر کے ماروں کے لئے،

بس کافی ہیں برساتیں

درد تو آخر درد ہے۔۔۔

ورنہ ہر چیز کے لئے ہیں سوغاتیں

مرہم بھی کوئی ایسا کر کہ ہو سکون دہ

کہ اب تو دوائیں بھی لگتی ہیں وارداتیں

موت تو ہمیں آنے سے رہی بتول

پھر زندگی کیوں دے رہی ہے ماتیں؟

(23 دسمبر 2019)

✿••✿••✿••✿

www.novelsclubb.com

جن کے مقدر میں ہوں دربدر کی ٹھوکریں

کبھی اُن سے پوچھو در کیا ہے آشیانہ کیا

وہ جو ٹوٹ کر بکھر جائیں پھولوں کی طرح

ایسے خوابوں کو آنکھوں میں سجانا کیا؟

جس کی رگ رگ میں درد بستا ہو

اس شخص نے ہسنا کیا، ہنسانا کیا

دلوں کو توڑنا تو کفر ہے لیکن جو جل جائے

اپنی ہی باتوں پر ایسے دل کو جلانا کیا؟

www.novelsclubb.com

جاتے وقت اس کی آنکھوں میں آنسو تو تھے ہی

میں نے بھی دل پر ہاتھ رکھ کر اُسے روانہ کیا

اک پیغام تک نہ آیا تھا اُس کے لوٹ آنے کا

اب ایسی خوشیوں کا، اِن تہواروں کا منانا کیا

غم تو غم وہ خوشی میں بھی یاد آتا ہے بتول

اِس ہجر کے بعد اب زندگی کو بسانا کیا؟

(20 مئی 2020)

✿••✿••✿••✿

www.novelsclubb.com

جن دلوں میں رب کا بسیرا ہے

خدارا!

ایسے دلوں کو توڑیئے مت!!

چوڑیاں ھیں ان میں، ٹوٹ ھی نہ جائیں

یوں تو ان کلائیوں کو موڑیئے مت!

حال پوچھ لیا آپ نے یہی کافی ھے

اب دل کے زخموں کو ٹٹولیے مت

جو نہیں جانتا رشتوں کے تقدس کو!

www.novelsclubb.com

اس شخص کے سامنے ھاتھوں کو جوڑیئے مت

خاموشی کو میری زیادہ سمجھنے لگے ھیں شاید

وہ مجھ سے کہہ رھے ھیں آجکل، بولیے مت

دوستی اگر کرلی ھے تو دل سے نبھایئے بھی

ھاتھ اگر تھاما ھے تو پھر چھوڑیئے مت

درد اک احساس ھے یوں بیاں نہیں ھوتا بتول

سو آپ اس کو لفظوں میں تولیے مت!!

(20 مئی 2020)

www.novelsclubb.com

✿••✿••✿••✿

میں کیوں نہ مرتی اس کی حسین آنکھوں پر

میری آنکھوں میں آج بھی چہرہ اسی کا ہے

خزاں میں کسی بوڑھے شجر کے سائے کی طرح

سر پر نہ سہی مگر دل پر سایہ اسی کا ہے

درد ہوتا ہے تو یہ ہمدرد بن جاتے ہیں

لوگوں کے دلوں پر لگتا ہے پہرا اسی کا ہے

میں لاکھ مسکرا کر بھی نظر انداز ہو جاؤں

www.novelsclubb.com

ایک آنسو گرے تو سب سے پہلا دلاسہ اسی کا ہے

ہزاروں لوگ ملیں گے اس زندگی میں

اچھے ہی سہی، مگر اس دل پر اختیار اسی کا ہے

تم کون ہوتے ہو مجھ پر اپنا حق جتانے والے

دی ہے جس نے زندگی اس پر حق بھی اسی کا ہے

لوگ اکثر پوچھ لیتے ہیں کس کے خیالوں میں گم ہو

انہیں کیا بتاؤں، یاد سے جڑا ہر تعلق اسی کا ہے۔۔۔!!

(20مئی 2020)

www.novelsclubb.com

✿••✿••✿••✿

کچھ نئی روایات کو اپنایا جا رہا ہے

احساسات کو الفاظ میں پرویا جا رہا ہے

دلوں کو کھول کر سامنے رکھ دیتے ہیں لوگ

دماغوں سے یہاں ہر کھیل رچایا جا رہا ہے

نفرت ہی بہتر تھی قتل و غارت کے لئے

اب تو محبّت کے نام پر ہی دھمکایا جا رہا ہے

جانے بے حسی کے کس موڑ پر کھڑے ہیں لوگ

زندگی کے سامنے زندگی کو دفنایا جا رہا ہے

الفتیں دکھا کر نفرتیں پال رکھی ہیں

بلندیوں پہ لا کہ نیچے گرایا جا رہا ہے

www.novelsclubb.com

کہا تھا نا ہر چیز یہاں اب نئی ہو گی

پانی پر لکھ کہ نام پانی سے مٹایا جا رہا ہے

اپنے ہی جیسوں کو دیکھ کر اب اکتا چکے ہیں

گلابوں کے باغ میں کوئی اور پھول لگایا جا رہا ہے

بہت ہی یاد آ رہے ہیں ہمیں ہنسانے والے بتول

www.novelsclubb.com

جانے کیوں اب تو بات بات پہ رلایا جا رہا ہے

(13 جون 2020)

✿••✿••✿••✿

"وجہ تم ہو"

میں۔۔۔!!!!

کہ جو موسموں کے بدلنے سے بھی کبھی بیمار نہ پڑتی تھی۔

کہ جو حسین خواب رکھتی تھی۔

کہ جس کی آواز شیریں اور لفظوں میں جادو تھا۔

کہ جسے تتلیوں سے محبت تھی۔

کہ جو پھولوں کے کھلنے کا بے حد انتظار کرتی تھی۔"

www.novelsclubb.com

وہ مجھ سے پوچھ رہا تھا آج۔۔۔!!!

کہ

"آخر کیا ھوا ھے تمہیں؟"

وہ کہہ رہا تھا۔۔۔۔

"کس کے بدلنے سے بیمار ھوگئی ھو تم؟

یہ کیسے پڑ گئے حلقے تمہاری آنکھوں کے گرد۔۔۔؟

کس کی وجہ سے خاموشی اتر گئی تمہارے وجود میں؟

کیا اب تم بالوں میں گلاب نہیں لگاتی؟

کون تمہیں اداسی دے گیا؟

کس نے ہنسی چھین لی تم سے؟

بتاؤ؟ کون ھے وہ؟"

www.novelsclubb.com

اب کیا کہتی اس سے؟

بیماری کے آثار نظر آتے تھے۔۔۔

آنکھوں کے حلقے واضح تھے۔۔۔

بالوں کی سفیدی گواہ تھی۔۔۔

اور خشک لب چیخ چیخ کر بتا رہے تھے۔۔۔

کہ عرصے سے یہ لفظوں سے تر نہیں ہوئے۔۔۔!

پھر۔۔۔؟

لہجے میں بے رحمی در آئی۔۔۔

اور میں نے اسے کہہ دیا۔۔۔

"تم۔۔۔!"

www.novelsclubb.com

اور اسکے تمام لفظ خاموش ہو گئے۔

(26 ستمبر 2020)

✿••✿••✿••✿

ھائے وہ تلخ یادوں کا مہینہ

وہ ستمگر، اُف وہ ظالم

وہ جو مات دیتا ھے سب مہینوں کو

ارے ہاں وہی دشمنِ جاں !!

جس کے آنے سے موسم سوگ مناتا ھے

ھوائیں برف برساتی ھیں !

ویرانہ سب کچھ لگتا ھے،

پر دلوں میں شور ھوتا ھے

www.novelsclubb.com

خود تو خاموش رہتا ھے۔۔۔ مگر

ھر اِک دل کو رلاتا ھے

محبت کرنے والوں کو،

نفرت کی منزل دکھاتا ھے

نہ اسے خوف آتا ھے

نہ کسی سے گھبراتا ھے

بہت بے باک سا ھے

دلوں کو چُور کر جاتا ھے

لفظ "ہمدرد" ھے جو

www.novelsclubb.com

اسے یہ بھول جاتا ھے

درد دیتا ھے، مسکراتا ھے

لوگ کہتے ھیں سرد ھے یہ

جانے کیوں؟ پھر بھی جلاتا ھے

موت کی تلخی سے بڑھ کر

اس کے ایام تلخ لگتے ھیں

سب کچھ چھین کر یہ

ھر کسی کو آزماتا ھے

ھاں اسی کی بات کر رھی ھوں

جو نہ پچھتاتا ھے، نہ مات کھاتا ھے

www.novelsclubb.com

جان تو لیا ھو گا تم نے

کہ کون ھے وہ؟

مگر پھر بھی بتائے دیتی ھوں

"دسمبر" ستمگر سا لگتا ھے

ھاں وھی ھے ظالم!

کہ جس میں تلخ یادیں بہتی ھیں

کہ جو سب کا دل دکھاتا ھے

دعائیں کرتے ھیں لوگ!!

کہ کبھی واپس نہ آئے

اس قدر بے رحم ھے!!

www.novelsclubb.com

پھر بھی لوٹ آتا ھے

(30نومبر 2020)

✿••✿••✿••✿

ہر کسی کی روح بھی کہاں کرتی ھے عبادت

یوں تو ھر شخص کہہ لیتا ھے، خدا ھے میرا

وہ ملا تو معلوم ہوا زندگی ھے کیونکر
وہی میرا رہبر، وہی قافلہ ھے میرا

کتنا مشکل ھے اس کے لئے چراغوں کو روشن کرنا
وہ اندھیروں میں بیٹھا کہہ رہا ھے اندھیرا ھے میرا

ہر چیز سے بڑھ کر ھیں اسکے لب میرے لئے
وہ جب دیکھتا تھا مجھے تو کہتا تھا، تُو ھے میرا

www.novelsclubb.com

کٹ رھے ھیں کچھ یوں بھی اُسکے بغیر میرے دن

وہ جاگتے میں خیال، سوتے میں خواب ھے میرا

ازل سے ھی کچھ ایسے مراسم ھیں موسموں سے بتول

بہار بہت پسند ھے مجھے اور خزاں مقدر ھے میرا

(03دسمبر2020)

✿••✿••✿••✿

www.novelsclubb.com

کیا لگتا ھے؟ کون ھے جو کرتا ھے دلوں میں محبت پیدا

وہی جو جلوت میں بھی، خلوت میں بھی تجھے دیکھتا ھے

اتنی انا کا ھونا بھی کوئی بہتر علامت تھوڑی ھے

وہ چاند کو بھی دیکھے تو زمیں پہ گرا کہ پانی دیکھتا ھے

کہہ دوا نہیں مجھے نہیں پسند یہ دلاسے، یہ ہمدردیاں

یہ کیوں ھر دیکھنے والا مجھے ترحم سے دیکھتا ھے؟؟

اُس سے بچھڑنے کے بعد اتنا روئی ھوں میں!!

جب وہ خواب میں آئے تو مجھے اذیت سے دیکھتا ھے

www.novelsclubb.com

اب تو ذہنی مریض سی ھو گئی ھوں میں اُسکے بغیر

ھر شخص کہتا ھے مجھے پاگل، جو بھی دیکھتا ھے

ھزاروں یادیں دفنا جاتا ھے دلوں میں بتول

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بچھڑنے والا بھی کتنی محبت سے دیکھتا ہے

(04دسمبر 2020)

✿••✿••✿••✿

آپ چھوڑ گئے، آپ سے تو کوئی گلِہ نہیں

گلِہ تو خدا سے تھا جو ھم نے کیا ھی نہیں

وہ پسند کرتا ھے ناں، صبر والوں کو

سو یہ گناہ ھم سے سرزد ھوا ھی نہیں

بے شک دل کے پُرزے نہیں رھے باقی

زندہ رھنے کا احساس ھے کہ مٹتا ھی نہیں

ھم نے مانگی تھی موت، دعامیں اِک روز

اُس نے سختی سے ٹھکرایااور کہا_____نہیں!

آپکی یاد ھی کافی ھے اب زندگی کے لئے

یادیں ھی زندہ ھیں، اور رھا کچھ بھی نہیں

اِک آپ ھی نہیں ھیں زندگی میں بتول!

www.novelsclubb.com

سب کچھ ھے اضافی، اور کمی کچھ بھی نہیں!

(29مارچ2021)

✿••✿••✿••✿

تمھیں کیا معلوم

راہِ ہجر کیا ہے؟

تم نے دیکھا ہے؟

ریت کا گرنا ہاتھوں سے

پت جھڑ کا موسم بہاروں میں

تم نے دیکھی ہے؟

بارش کی جدائی بادل سے

یا صحرا کی دوری ساگر سے؟

www.novelsclubb.com

(04جولائی2022)

✿••✿••✿••✿

زندگی کیا ہے؟

نہ بھرم رکھتی ہے

نہ مہربان ہوتی ہے

چند اداس لمحوں کا

زندگی جہان ہوتی ہے

کہ جو نہیں قابل اٹھانے کے

وہی سامان ہوتی ہے

زندگی وبال ہوتی ہے !!

✿••✿

www.novelsclubb.com

زندگی کیا ہے؟

گرتے پتوں کی ایک کہانی

گزرے لمحوں کی یاددہانی

بے بسی کی مثال سمجھوں

یا آفت کہوں ناگہانی

زندگی تو تم بھی ہو

پھر زندگی کو کیا لکھوں؟

سکون لکھوں یا چین لکھوں؟

فراق لکھوں یا سراب لکھوں

بہتر تو یہ ہے کہ زندگی کو

نہ ختم ہونے والا۔۔۔عذاب لکھوں!!

www.novelsclubb.com

(27اگست2022)

✿••✿••✿••✿

"خواب"

میرے خواب زندہ ہیں

ذات کے پردے میں چھپے

آنکھوں کے کٹوروں میں ڈھکے

سبھی زخموں کے اندر دبے

میرے کئی خواب زندہ ہیں،

جنہیں چاہتوں میں لٹا دیا

جنہیں قربتوں میں گنوا دیا،

وہی دل میں مکیں ہیں آج تک،

www.novelsclubb.com

وہی پاسباں اِس مکاں کے ہیں

میں نے جب جب زخم ادھار لئے

میں نے جب بھی آنکھیں جلائی ہیں،

میرے خوابوں نے مجھے جھیلا ہے

میں کہہ نہ سکی ہر جائی ہیں۔

مجھے دیدہ دل جو میسر ہے،

وہیں ادراک کا سرمہ لگایا ہے

میں نے خود کو یہ بتایا ہے،

مجھے خواب نگر میں جینا ہے۔

(جون 2023)

✿••✿••✿••✿

www.novelsclubb.com

نظم؛

دیوار

نظر کے مقابل دیوار کھڑی تھی

نظر کا دھوکا تھا یا وہم کی چادر

کہ عقل سوئی رہی لمبی تان کر

دیواریوں نہ تھی،

کہ جیسے پیاسے کو صحرا میں ہو آبِ تمنا

یا اندھے کو اندھیرے میں ہو سحر میسر

وہ دیوار تھی غفلت شعاری میں لپٹی

اجلی صبح میں تاریکی کی مانند،

نگاھوں پر پردے کی صورت پڑی تھی

جو نہی شعور نے راستہ لپکا

ہوا معدوم پردۂ غفلت

اِک لمحہ ملا تھا، اِک لمحہ تغیر

کہ ریت سی لگی وہ دیوارِ تغافل

(جون 2023)

✿••✿••✿••✿

لفظوں کو زندگی مل ہی جاتی ہے

جب تیز ہوائیں روح تک سرایت کر جائیں

جب بارش کے قطرے ہاتھوں کی پوروں سے ٹکرائیں

لفظوں کو زندگی مل ہی جاتی ہے

جب سمندر کنارے یخ پانی قدموں سے آ ملے

جب گیلی مٹی کی خوشبو نتھنوں سے ٹکرائے

لفظوں کو زندگی مل ہی جاتی ہے

جب پرندوں کے میٹھے بول کہانیوں کی صورت

کانوں میں رس گھول جائیں

تو لفظوں کو زندگی مل ہی جاتی ہے

جب اگتے سورج کی کرنیں کسی کے جینے کا پیغام لے آئیں

جب برستی بارش کی بوندیں مہربان ہو جائیں

جب قدرت کے نظاروں سے مانوسیت بڑھ جائے

جب دل سوز و ساز کی کیفیت سے گزرے

تو لفظوں کو زندگی مل ہی جاتی ہے۔

(جون 2023)

www.novelsclubb.com

✿••✿••✿••✿

کبھی زخم ادھیڑ دیتے ہو

کبھی درد چھیڑ دیتے ہو

تم تو یار مسیحا تھے

تم بھی توڑ دیتے ہو؟

شہرِ دل کی بستی میں

اجاڑ رستوں پہ چلتے ہی

تیرا عکس ملتا ہے

مل کے مجھ سے کہتا ہے

کیوں خود کو رول دیتے ہو؟

www.novelsclubb.com

(20 ستمبر 2023)

✿••✿••✿••✿